## Education - FA Part 1 Education Urdu Medium Full Book Short Questions Preparation

Q1. نصاب کے عناصر کے نام لکھیں.

**Ans 1:** 1.مقاصد نصاب 2.نصابی مواد 3.جائزہ 4.طریقہ تدریس

---

Q2. "کرداریت کے نظریہ تعلم" کے دو ذیلی نظریات لکھئے.

**Ans 1:** 1.نظریہ ربط 2.کلاسیکی تشریط 3.فعلیاتی تشریط

---

Q3. تعلم سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** مستقل قسم کی رونما ہونے والی تبدیلیوں کا سبب،ایک خاص قسم کا عمل ہے،یہ عمل کسی،مہیج،کے فرد پر وار ہونے سے بے شروع ہوتا ہے اور اس مہیج کے باربار وارد ہونے کی صورت میں درفرد کے کردار میں تبدیلی کے اس عمل کو "نفسیات" کی اصطلاح میں تعلی کہتے ہیں.

---

Q4. پیدائش کے بعد بچہ کیسے معاشرے کا رکن بنتا ہے؟

**Ans 1:** بچہ جب اس دنیا میں آتا ہے،یہ دنیا اس کے لیے اجنبی ہوتی ہے،آہستہ آہستہ وہ اپنے ماحول سے مانوس ہوجاتا ہے.اپنےاردگرد کے ماحول سے متاثرہو کر وہ ایسی حرکات و اعمال کرتا ہے جن کا وہ اپنے ماحول میں مشاہدہ کرتا ہے اس طرح وہ معاشرے کا رکن بن جاتا ہے.

---

Q5. طریقہ تدریس سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** نصاب کے پہلے مرحلے کی تکمیل کے بعد سوال پیدا ہوتا ہے کہ نصابی مواد کو کس طرح طلبہ تک پہنچایا جائے کہ طلبہ اس کو خوشی خوشی قبول کر لیں،معلم جو کچھ پڑھائے وہ طلباء کے ذہن نشین ہو جائے اور جو توقعات ہم طلبا سے رکھتے ہیں وہ بھی پوری ہو جائیں اور نصاب کے طے شدہ مقاصد حاصل ہو جائیں،طلبہ کی دلچسبی اور مواد کی نوعیت کے پیش نظر موزوں تدریسی طریقہ کا انتخاب ضروری ہوتا ہے.

---

Q6. انفرادی معاشرے سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** انفرادی معاشرت میں استاد طالب علم کی سرگرمیوں کا جائزہ لیتا رہتا ہے اور ان کی تعلیمی ،جسمانی سماجی اور انصافی الجھنوں کا مطالعہ کرتا ہے اور ہر طالب علم کے ساتھ انفرادی طور پر مشاورت کرتا ہے،یہ مشاورت رسمی اور غیر رسمی طور پر بامقصد اور منضبط انداز میں کی جاتی ہے،اس مشاورت کا بڑا مقصد طلبہ میں خود شناسی پیدا کرنا ہوتا ہے.

---

Q7. تعلیم کے ذریعے پیدا ہونے والے چار اوصاف حمیدہ لکھیں.

**Ans 1:** چھے اور مہذب معاشرے یہ چاہتے ہیں کہ بچوں میں ایسے احساسات اور جذبات پرورش پائیں جس سے ان میں انسانیت،اخوت،محبت،ہمدردی اور خود اعتمادی جیسے اوصاف حمیدہ پیدا ہوسکیں.انمیں معاشرتی فرائض سر انجام دینے کی ذمہ داری کا احساس پیدا ہو.ان میں مل جل کر رہنے اور ترقی کی خواہش کے ساتھ ساتھ آئندہ کچھ کرنے کا جذبہ پیدا ہو ان سب مقاصد کا حصول صرف تعلیم کے ذریعے ممکن ہے

---

Q8. تعلیم کی تعریف کریں.

**Ans 1:** تعلیم ایک جامع لفظ ہے جس کا وسیع مفہوم ہے.تعلیم کے ذریعے جہاں طالب علم کو معلومات اور مہارتیں سکھائی جاتی ہیں اور اسے حقائق سےآگاہ کیا جاتا ہے وہاں اس کی تعلیم و تربیت بھی کی جاتی ہے،تعلیم میں وہ تمام معلومات اور تجربات شامل ہیں جو بنی نوع انسان نے آغاز انسانیت سے آج تک تاریخ کے مختلف ادوار میں نسل درنسل منتقل کر کے ہم تک پہنچائے ہیں.

---

Q9. تعلم کی تعریف اپنے الفاظ میں کریں.

**Ans 1:** تعلم کردار کی تبدیلی کا عمل ہے.

---

Q10. عمل مشاورت کے تین پہلو کونسے ہیں؟

**Ans 1:** عمل مشاورت کے تین پہلو درج ذیل ہیں: 1.جس میں کم ازکم دو افراد کی شرکت ضروری ہے،مشورہ لینے والا اور مشورہ دینے والا. 2.جو کوئی تربیت یافتہ شخص ہی انجام دے سکتا ہے. 3.جس کا مقصد افراد کو پیش آمدہ مسائل کو خود آزادانہ طور پر حل کرنے میں مدد دینا ہے.

---

Q11. معاشرہ کے لفظی معنی کیا ہیں؟

**Ans 1:** معاشرہ معاشرت سے بنا ہے جس کے معنی مل جل کر زندگی گزارنا کے ہیں.

---

Q12. پیمائش سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** پیمائش،جائزے کے عمل کا ایک مقداری یا عددی پہلو ہےجسکے ذریعے کسی فرد کی کسی مخصوص خصوصیت کا اندازہ ایک خاص معیار سے تقابل کے بعد مقداری یا عددی انداز میں ظاہر کیا جاتا ہے.

---

Q13. قانون تاثیر کے عمل میں بچے کو کونسی دو صورتیں پیش آسکتی ہیں؟

**Ans 1:** تعلم کے اس عمل میں دو صورتیں پیش آسکتی ہیں،ایک یہ کہ بچے کو کوئی کام کر کہ خوشی ملتی ہو،اس کا کوئی مقصدپورا ہوتا ہو،کام کر کہ بچے کو لذت محسوس ہوتی ہو،دوسری صورت میں بچے کو وہ کام اچھا نہ لگے.اس کام یا اس کام کے دوران کوئی تکلیف دہ واقعہ پیش آئے.

---

Q14. معاشرہ سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** معاشرہ افراد کا ایک ایسے بڑے گروہ کانام ہے جن کی زندگی کے بارے میں نظریات،مفادات،رہائشی علاقے،تہذیب ،تمدن اور زندگی گزارنے کے،طریقے ایک جیسے ہوں،ان میں اتحاد کا احساس بھی پایا جاتا ہہے،جس کی بنیاد پر وہ اپنے آپ کو دوسروں سے الگ تصور کرتے ہوں.

---

Q15. اچھا نصاب وہی ہے جس میں تسلسل اور ربط ہو..بیان کریں.

**Ans 1:** اچھے نصاب میں تجربہ کا سلسلہ قائم رہتا ہے،اچھا نصاب مختلف سطحوں پر افقی اور عمودی انداز میں اس طرح بنایاجاتا ہے کہ ایک باب اور ایک سطح کے تجربات ،اگلے ابواب اور اگلی تعلیمی سطحوں کے لیے بنیاد کا کام دیتے ہیں اور میں باقاعدہ توازن اور تسلسل ہوتا ہے.اچھے نصاب میں تمام سرگرمیاں طلبہ کی عمر.استعداد اور سابقہ تجربات کو پیش نظر رکھ کر طے کی جاتی ہے.

---

Q16. تعلیم کس طرح سیاسی بصیرت و شعور پیدا کرتی ہے؟

**Ans 1:** تعلیم کے مقاصد میں ایک اہم مقصد یہ بھی ہے کہ نسل نو میں اپنے قومی مسائل کا شعور ہو اور وہ سیاسی بصیرت کا مظاہرہ کر سکیں،اپنی قیادت کے انتخاب میں اہلیت .اعلیٰ معیار اور اچھی صفات کے حامل افراد کو منتخب کر کہ ایک جمہوری معاشرے کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کر سکیں.

---

Q17. مشاورت کی تعریف کریں.

**Ans 1:** مشاورت دراصل کسی خاص مسئلے یا مشکل کے بارے میں کسی ماہر اور تجربہ کار شخص سے رائے لینا،صلاح مشورہ کرنا ہےتاکہ مشکل کا شکار شخص اپنے مسئلے کو مشورے کی روشنی میں خود حل کرنے کے قابل ہو جائے.

---

Q18. تبدیلیوں کی مختلف صورتیں کونسی ہیں؟

**Ans 1:** تبدیلیون کی مختلف صورتیں درج ذیل ہیں: 1.فطری اور مستقل نوعیت کی تبدیلیاں 2.عارضی تبدیلیاں 3.تسلسل کے ساتھ رہنے والی تبدیلیاں.

---

Q19. جذباتی شدت رکھنے والے بچوں کیخصوصیات بیان کریں.

**Ans 1:** بچوں کی جذباتی شدت اور ان کا احساس ہونا ان کی جسمانی و ذہنی صحت کو متاثر کرتا ہے.وہ جذباتی شدت کا باعث نہ تو ذہنی یکسوئی سے کام کر سکتے ہیں اور نہ جسمانی طورپر صحت مند رہ سکتے ہیں،وہ تعلیم میں دلچسپی نہیں لیتے جس کے باعث وہ تعلیم مین دوسرے بچوں سے پیچھے رہ جاتے ہیں.

---

Q20. ذہانت کی بنیاد پر بچوں کی اقسام بیان کریں؟

**Ans 1:** بچے ذہانت کے لحاظ سے بھی ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں،اگرچہ ذہانت کے لحاظ سے اختلافات کا دائرہ بہت وسیع ہے،لیکن مطالعہ میں آسانی کی خاطر ایسے بچوں کو ذہانت کی بنیاد پر تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے.

---